# RP 207 THE SIN OF OBSERVING CHRISTMAS
# كرسمس منانے كا گناه

## نمبر2 : كرسمس كے پهل

كرسمس بائبل كي رُو سے موضوع نهيں هے ، پس حالانكه بهت سے صحائف استعمال كئے گئے هيں ، تا هم اِس بائبل كي تحقيق كي بُنياد مُكمل طور پر خُدا كے كلام پر نهيں هے ۔ اِس كا مقصد خُداوند يسوع مسيح كے نام كو جلال بخشنا هے ۔ اگر آپ اِس ميں كوئي غلطي پائيں تو هم سے رابطه كريں۔


## نمبر2 : كرسمس كے پهل


## تعارف 2

جب يسوع نے هميں بتايا كه جهوٹے نبيوں كو كيسے پهچانيں، تو اُس نے كها

**(متي 7: 20-16 )** ,,اُن كے پهلوں سے تُم اُن كو پهچان لوگے ۔كيا جهاڑيوں سے انگور يا اُونٹ كٹاروں سے انجير توڑتے هيں ۔اِسي طرح هر ايك اچها درخت اچها پهل لاتا هے اور بُرا درخت بُرا پهل لاتا هے ۔اچها درخت بُرا پهل نهيں لا سكتا نه بُرا درخت اچها پهل لا سكتا هے ۔ جو درخت اچها پهل نهيں لاتا وه كاٹا اور آگ ميں ڈالا جاتا هے ۔پس اُن كے پهلوں سے تُم اُن كو پهچان لوگے ۔‘‘

يه نه صر ف لوگوں كو پركهنے كا اچها انداز هے جيسے كه نبي، بلكه يه ايك اصُول بهي ديتا هے جس سے هم بهت سي اور باتوں كو بهي پركه سكتے هيں ۔ اگر هم جاننا چاهتے هيں كه آيا كرسمس اچها هے يا بُرا، آيا يه خُدا كي طرف سے هے يا ابليس كي طرف سے، هم صرف اِس كے پهل كا جائزه ليں اور اِس كے پهلوں سے هم بتا سكتے هيں۔ اِس لئے اِن اگلے حصوں ميں هم كرسمس كے پهلوں كا جائزه ليں گے۔

## نمبر 2.1 : جشن اور بسيار خوري كرسمس كے پهل هيں

کيا پيدائش کے دن کا جشن منانا اچھي بات ھے؟ ايسا فرعون اپني پيدائش کے دن پر کرتا تھا (پيدائش 20:40 ) اور ھيروديس بھي اپني پيدائش پر (مرقس 21:6 )، جن ميں سے کسي کي ھم نقل نھيں کرسکتے ۔ اُن دنوں نے اُس دن کسي نه کسي کو قتل کرنے کا حُکم صادر کيا: فرعون نے سردار نان پز کو پھانسي دلوائي (پيدائش 22:40 )، اور ھيروديس نے يوحنا اصطباغي کا سر قلم کروايا (مرقس 6: 28-21)۔ سليمان نے فرمايا، ,,ماتم کے گھر ميں جانا ضيافت کے گھر ميں داخل ھونے سے بھتر ھے کيونکه سب لوگوں کا انجام يھي ھے اور جو زنده ھے اپنے دل ميں اِس پر سوچيگا،،۔ (واعظ 2:7)۔

کيا خُدا کے کلام پر غور نھيں کرنا چاھئے؟ مسيحي ضيافت روحاني ھوتي ھے نه که جسماني، بالکل جس طرح پولوس نے مسيحيوں کو نصيحت کي ھے که وه فسح منائيں

**(پھلا کرنتھيوں 8:5 )** ,,پس آئو ھم عيد کريں ۔نه پُرانے خمير سے اور نه بدي اور شرارت کے خمير سے بلکه صاف دلي اور سچائي کي بے خمير روٹي سے،،۔

ھر کوئي جو پارٹيوں ميں جاتا ھے وه اپنے آپ کو بسيار خوري کي آزمائش ميں ڈالتا ھے۔ يه ابليس کي استعمال کرده اصلي آزمائش تھي جس سے گناه دُنيا ميں آيا (پيدائش 2: 17-16؛ 17:3 ؛ روميوں 12:5)، يه دھوکه بھي لاتي ھے (امثال 13:23 )، اور روحاني غربت (امثال 23: 21-20)۔

يه بيوقوف کا خاصه ھے (امثال 22:30 ؛ لوقا 12: 20-19 )، مغرور کا (زبور 119: 70-69 )، بے وفا خادم کا (لوقا 12: 46-45 )، اور شرير کا (يرمياه 5: 28-26 )؛ امثال 25:13)۔ اگر ھم ايسا کرتے رھينگے تو ھمارا دل اِس پر قائم ھو جائے گا (واعظ 2:7)۔ وه جو ايسي پارٹيوں کے کھانوں کي شديد خواھش رکھتے ھيں وه جسماني حرص رکھتے ھيں جو جان کے خلاف لڑائي کرتي ھے (روميوں 7: 23-22 ؛ پھلا پطرس 11:2 )، جو اُنھيں خُدا کو خُوش کرنے سے روکتي ھے (روميوں 8: 13-5 )، روح کے خلاف لالچ کرتي ھيں (گلتيوں 5: 17-16)، اور جس سے اجتناب کا ھميں حُکم ديا گيا ھے (روميوں

14:13؛ پهلا پطرس 11:2)۔ کهانوں کے لئے ایسا لالچ گناه هے ، روحاني زناکاري (پیدائش 25: 34-29 عبرانیوں 12: 17-16؛ حزقي ایل 49:16؛ پهلا کرنتهیوں 13:6 ؛ فلپئیوں 3: 19-17 )، اور خُدا اُن سے نفرت کرتا هے جو ایسا کرتے هیں (پیدائش 25: 34-29 ، رومیوں 13:9 )۔ یه دل کي سرفرازي تك لیجاتا هے (استعثنا 8: 14-11 ؛ هوسیع 6:13 )، اور یه همارے بدنوں کو زنده قُرباني کے طور پر پیش کرنے میں ناکامي هے (رومیوں 1:12 )۔ وه جو سیر هیں خُدا کو ترك کرتے هیں (استعثنا 15:32)، خُدا کو جهُٹلاتے هیں (امثال 89:30 )، اور خُدا کو بهول جاتے هیں (استعثنا 6: 12-11 ؛ 8: 14-11 ؛ هوسیع 6:13)۔ اِن سب کے علاوه ، یه خُودي سے انکار کي مسیحي صلیب کے مکمل طور پر منافي هے(متي 24:16؛ مرقس 34:8؛ 21:10 ؛ لوقا 23:9 ؛ 27:14؛ فلپئیوں 3: 19-17)، اور یه دیکهنا مُشکل هے که اِس معاملے میں خلاف ورزي کرنے والے نجات پا سکیں گے (استعثنا 21: 21-10؛ زبور 78: 29-31 ؛ حزقي ایل 34:16 ؛ لوقا 25:6؛ رومیوں 13:8 ؛ پهلا کرنتهیوں 6: 9-10؛ 27:9 ؛ گلتیوں 24:5 ؛ 6: 8-7؛ فلپئیوں 3: 19-18 )۔ مسیحي کیوں اپنے آپ کو اِن سب کے لئے کهُلا رکهنا چاهتا هے ؟

بسیار خوري کرسمس کے پهلوں میں سے ایك هے ۔

**نمبر 2.2 : شادماني کرنا کرسمس کا ایك پهل هے**

لفظ ,,شادماني،، کا مطلب هے ,,خُوشي، مُسرت یا هنسي سے بهرپور،، اور ,,شادماني کرنا،، کا مطلب هے خوش و خرم هونا۔ کیا اچها وقت گُزارنے اور شادماني کرنے میں کوئي خرابي هے ؟ سلیمان نے فرمایا

**(امثال 13:14 )** ,,هنسنے میں بهي دل غمگین هے ۔اور شادماني کا انجام غم هے،،۔
**(واعظ 1:2)** ,,میں نے اپنے دل سے کها آ میں تُجهکو خُوشي میں آزمائونگا سو عشرت کرلے۔لو یه بهي بُطلان هے،،۔
**(واعظ 7: 4-3 )** ,,غمگیني هنسي سے بهتر هے کیونکه چهره کي اُداسي سے دل سُدهر جاتا هے ۔دانا کا دل ماتم کے گهر میں هے ۔لیکن احمق کا جي عشرت خانه سے لگا هے،،۔

خُدا کا کلام همیں حُکم دیتا هے که هم وفادار رهیں (یشوع 24: 14 ؛ دوسرا کرنتهیوں 17:2 ؛ افسیوں 5: 4-3 ؛ طیطس 7:2 )، کیونکه یه روحاني غربت سے گریز میں مدد دیتا هے (امثال 17:21)، یه دل کو بهتر کرتا هے (واعظ 3:7 )، یه بے عزتي سے گریز میں مدد کرتا هے (واعظ 1:10)، یه کلیسیا کے لئے تقدس ظاهر کرتا هے (پهلا تمیتهیس 15:3)،یه همیں فضل کے زیاده لائق بناتا هے (افسیوں6:24 )، یه دوسروں کي دلگیري سے گُریز میں بهي مدد کرتا هے (فلپئیوں 10:1)، اور یه بهائي کے راستے میں رکاوٹ ڈالنے سے گُریز میں بهي مدد کرتا هے (رومیوں 13:14 )۔ کیا سچے مسیحي کا شادماني کرنے سے کوئي واسطه هونا چاهئے؟

**(لوقا 25:6 )** ,,افسوس تم پر جو اب هنستے هو کیونکه ماتم کرو گے اور روئو گے،،۔

شادماني کرنا کرسمس کے پهلوں میں سے ایك هے ۔

## نمبر 2.3 : مے خواري کرسمس کے پهلوں میں سے ایك هے

کرسمس کے موقع پر شراب کي فروخت میں غیر معمولي اضافه ایك مشهور بات هے۔ یه وه وقت هے جب لوگ اچها وقت گُزارنے کے لئے ,,جانے دو،، پر عمل کرتے هیں ۔جسے وه حقیقتاً جانے دیتے هیں وه اُن کي خُدا داد ضبط نفس هے ، جو پاك روح کے پهلوں کا حصه هے (گلتیوں 23:5)، اور جب وه اِس سے دستبردار هوتے هیں ، وه شیطان کو موقع دیتے هیں که وه اُن میں آئے ۔ حتي که سیکولر دُنیا جانتي هے کیونکه شراب عام طور پر ,,ابلیس کا مشروب،، کهلاتي هے ، اور یه شرع کے خلاف هے که اِس کے زیر اثر رها جائے ۔

جو کوئي پڑھ سکتا هے وه اِسے بدن کے کام کے طور پر لکها هوا دیکھ سکتا هے ، جس کا ترجمه ,,نشه بازي،، (گلتیوں 21:5 ) کیا گیا هے، جس کے بارے میں پولوس رسول فرماتا هے ، ,,که ایسے کام کرنے والے خُدا کي بادشاهي کے وارث نه هوں گے ،،۔ نوح هي واحد راستباز تها جس کي وا حدخاندان کا سربراه هوتے هوئے جان بچي جب خُدا نے طوفان سے دُنیا کو تباه

کیا (پیدائش 7 )، لیکن بعد میں جب اُس نے انگوروں کا باغ لگایا اور اُس کي شراب پي ، اُس نے اپنا ننگا پن اپنے بیٹوں میں سے ایك کو دکھایا اور اپنے پوتے کو لعنت دي (پیدائش 9: 25-20 )۔ لوط واحد راستباز تھا جو سدوم اور عمورہ کي تباھي سے بچ پایا، لیکن بعد میں جب اپني دو بیٹیوں کے دھوکے سے وہ شراب کے نشے میں تھا تو اُس نے دونوں سے زناکاري کي (پیدائش 19)۔ مے خواري کي یہ مثالیں راستبازوں کو گناہ میں پڑتے دکھاتي ھیں ، ھم دیکھ سکتے ھیں کہ مے خواري دھوکے کي بُنیادي وجہ ھے (امثال 1:20؛ یسعیاہ 7:28) اور مے خوار کا مقدر واضح ھے۔

**(پھلا کرنتھیوں 6 : 10-9 )** ,,کیا تُم نھیں جانتے کہ بدکار خُدا کي بادشاھي کے وارث نہ ھوں گے ؟ فریب نہ کھائو۔ نہ حرامکار خُدا کي بادشاھي کے وارث ھوں گے نہ بُت پرست نہ زنا کار نہ عیاش ۔نہ لونڈے باز۔ نہ چور ۔نہ لالچي نہ شرابي ۔نہ گالیاں بکنے والے نہ ظالم،،۔
**(گلتیوں 21:5 )** ,,نشہ بازي۔۔ایسے کام کرنے والے خُدا کي بادشاھي کے وارث نہ ھوں گے،،

مے خواري کرسمس کا پھل ھے۔

## نمبر 2.4: جھوٹ کرسمس کا پھل ھے

دو بڑے جھوٹ کرسمس کے موقع پر بتائے جاتے ھیں۔ایك یہ کہ یسوع کرسمس کے دن پیدا ھوا تھا یعني 25 دسمبر کو۔ دوسرا وہ شخص ھے جو ,,بابا کرسمس،، (یا سانتا کلاز) کھلاتا ھے ھوتا ھے اور کرسمس پر بچوں کے لئے تحفے لاتا ھے ۔ شیطان اِن دھوکوں کا ماخذ ھے ، کیونکہ یسوع نے اُس کے بارے میں کھا تھا

**(یوحنا 44:8 )** ,,جب وہ جھوٹ بولتا ھے تو اپني ھي سي کھتا ھے کیونکہ وہ جھوٹا ھے بلکہ جھوٹ کا باپ ھے،، خُدا جھوٹ نھیں بولتا
(طیطس 2:1)، اور یسوع نے ھمیں بتایا کہ ھم اُس کي مانند ھوں
**(متي 48:5 )** ,,پس چاھئے کہ تُم کامل ھو جیسا تُمھارا آسماني باپ کامل ھے،،۔

خُدا کا کلام کهتا هے

**(خروج 16:20 )** ,,تُو اپنے پڑوسي کے خلاف جهوٹي گواهي نه دينا،،۔
**(احبار 11:19 )** ,, اور نه ايك دوسرے سے جهوٹ بولنا،،۔
**(لوقا 20:18)** ,,جهوٹي گواهي نه دے،،۔
**(امثال 6: 19-16)** ,,چھ چيزيں هيں جن سے خُداوند کو نفرت هے۔ اور سات هيں جن سے اُسے کراهيت هے - --جهُوٹي زبان---جهُوٹا گواه جو دروغ گوئي کرتا هے،،۔
**(امثال 22:12 )** ,,جهوٹے لبوں سے خُداوند کو نفرت هے،،۔

سب جهوٹوں کا مُقدر واضح هے

1اِس زندگي ميں سزا:

**(امثال 9:19 )** ,,جهوٹا گواه بے سزا نه چهُوٹيگا اور جو جهوٹ بولتا هے فنا هوگا،،۔

2:نئے يروشليم سے اخراج

**(مُکاشفه 27:21 )** ,,اور اُس ميں کوئي ناپاك چيز يا کوئي شخص جو گهنونے کام کرتا يا جهوٹي باتيں گهڑتا هے هرگز داخل نه هوگا،،۔
**(مُکاشفه 15:22 )** ,,مگر کُتے اور جادوگر اور حرامکار اور خُوني اور بُت پرست اور جهوٹي بات کا هر ايك پسند کرنے اور گهڑنے والا باهر رهے گا،،۔

3:ابدي هلاکت

**(مُکاشفه 8:21 )** ,,اورسب جهوٹوں کا حصه آگ اور گندهك سے جلنے والي جهيل ميں هوگا۔ يه دُوسري موت هے،،۔

کيا سچے مسيحي کا اِس سے کوئي واسطه هوگا؟

جھوٹے کرسمس کے پھلوں میں سے ایك ھیں۔

**نمبر 2.5 : بت پرستي کرسمس کا پھل ھے**

**نمبر 2.51 : بابا کرسمس**

خُدا کا کلام سکھاتا ھے کہ ,, ھر اچھي بخشش اور ھر کامل انعام اُوپر سے ھے اور نُوروں کے باپ کي طرف سے ملتا ھے،،، (یعقوب 17:1)، اور ھمیں ,,زمین پر کسي کو اپنا باپ نہ کھو کیونکہ تُمھارا باپ ایك ھي ھے جو آسماني ھے،،۔ (متي 9:23 )۔ دُنیا سکھاتي ھے کہ اچھي بخشش کرسمس بابا سے آتي ھے اُسے بچوں کے لئے مُتبادل خُدا بناتے ھوئے۔ یہ سرعام بُت پرستي ھے اور پورے کلام مُقدس میں اِس کے خلاف حُکم دیا گیا ھے

**(خروج 3:20 )** ,,میرے حضُور تو غیر معبودوں کو نہ ماننا ،،۔
**(احبار 4:19 )** ,,تُم بتوں کي طرف رجُوع نہ ھونا،،۔
**(پھلا کرنتھیوں 7:10 )** ,,اور تُم بُت پرست نہ بنو،،۔
**(پھلا کرنتھیوں 14:10 )** ,,بُت پرستي سے بھاگو،،۔

والدین جو یہ جھوٹ اپنے بچوں کو بتاتے ھیں اُنھینسزا دے رھے ھیں۔

**(یسعیاہ 16:9 )** ,,کیونکہ جو اِن لوگوں کے پیشوا ھیں اِن سے خطا کاري کراتے ھیں اور اُنکے پیرو نگلے جائینگے،،۔
**(متي 14:15 )** ,,اور اگر اندھے کو اندھا راہ بتائے گا تو دونوں گڑھے میں گریں گے،،۔

نئے یروشلیم سے باھر ,,جھُوٹي بات کا ھر ایك پسند کرنے والا اور گھڑنے والا،، (مُکاشفہ 15:22 )رھے گا۔ کیا سچے مسیحي کا اِس سے کوئي واسطہ ھونا چاھئے؟

**نمبر 2.52 : کرسمس ٹري**

کرسمس ٹري کا استعمال کلام مُقدس ميں ممنوع هے

**(يرمياه 10: 5-2 )** ,, خُداوند يُوں فرماتا هے که تُم ديگر اقوام کي روش نه سيکهو اور آسماني علامات سے هراساں نه هواگرچه ديگر اقوام اُن سے هراساں هوتي هيں ۔کيونکه اُنکے آئين بُطالت هيں چُنانچه کوئي جنگل ميں کُلهاڑي سے درخت کاٹتا هے جو بڑهئي کے هاتھ کا کام کرتا هے۔ وه اُسے چاندي اور سونے سے آراسته کرتے هيں اور اُس ميں هتهوڑوں سے ميخيں لگا کر اُسے مضبوط کرتے هيں تا که قائم رهے ۔وه کهجور کي مانند مخرُوطي ستون هيں پر بولتے نهيں ۔اُنکو اُٹها کر لے جانا پڑتا هے کيونکه وه چل نهيں سکتے۔اُن سے ڈرو کيونکه وه نُقصان نهيں پهنچا سکتے اور اُن سے فائده بهي نهيں پهنچ سکتا،،۔

کها جاتا هے که بت پرست اعتقاد رکهتے تهے که روحيں درختوں ميں رهتي هيں جو سرديوں ميں سبز رهتے هيں ، پس اُنهيں گهروں ميں رکهنے کا عمل پرستش کے لئے هوتا تها ، اور روحوں سے برکت حاصل کرنے کے لئے۔ کرسمس ٹري کے نيچے تحائف رکهنے کي روايت کها جاتا هے که اِس سے آئي هے ، که وه روحوں کي طرف سے تحائف هيں۔ کرسمس ٹري بنانا بت پرستي کي ايك اور قسم هے۔

بت پرستي کرسمس کے پهلوں ميں سے ايك هے ۔

**نمبر 2.7 : تحائف اور کرسمس کارڈز کا تبادله کرسمس کے پهل هيں**

يه تحائف کا تبادله بت پرستوں کي ابتدا هے ، اور حتي که کلام مُقدس ظاهر کرتا هے که شرير ايسا کيا کرتے تهے۔

**(مُکاشفه 11: 10-9 )** ,,اور اُمتوں اور قبيلوں اور اهل زبان اور قوموں ميں سے لوگ اُن کي لاشوں کو ساڑهے تين دن تك ديکهتے رهيں گے اور اُن کي لاشوں کو قبر ميں نه رکهنے ديں گے۔اور زمين کے رهنے والے اُن کے مرنے سے خُوشي منائيں گے اور شاديانے بجائيں گے اور آپس ميں تحفے بهيجيں گے کيونکه اِن دونوں نبيوں نے زمين کے رهنے والوں کو ستايا تها،،۔

دوسري طرف ، كلام مُقدس كي رُو سے سخاوت يه هے

**(مرقس 21:10 )** ,,يسوع نے اُس پر نظر كي اور اُسے اُس پر پيار آيا اور اُس سے كها ايك بات كي تُجھ ميں كمي هے ۔جا جو كُچھ تيرا هے بيچ كر غريبوں كو دے ۔تُجھے آسمان پر خزانه ملے گا اور آ كر مير ے پيچھے هولے،،۔
**(لوقا 14: 14-13 )** ,,بلكه جب تُو ضيافت كرے تو غريبوں لُنجوں لنگڑوں اندھوں كو بُلا۔اور تُجھ پر بركت هوگي كيونكه اُن كے پاس تُجھے بدله دينے كو كُچھ نهيں اور تُجھے راستبازوں كي قيامت ميں بدله ملے گا،،۔
**(روميوں 13:12 )** ,,مُقدسوں كي احتياجيں رفع كرو،،۔

هر سال اربوں كرسمس كارڈز بھيجنے پر كتنے پيسے خرچ هوتے هونگے؟ كيا آپ كارڈز پر اتني رقم خرچ كرني كي وضاحت كرسكتے هيں جب كه دُنيا ميں كتنے غريب، بھوك، افلاس اور ننگ سے مررهے هيں؟ كيا آپ جانتے هيں يسوع اُن لوگوں سے يوم عدالت كو كيا كهے گا جو اپنے پيسے يوں فضُول خرچ كرتے هيں؟

**(متي 25 : 46-41 )** ,,پھر وه بائيں طرف والونسے كهے گا اَے ملعونو ميرے سامنے سے اُس هميشه كي آگ ميں چلے جائو جو ابليس اور اُس كے فرشتوں كے لئے تيار كي گئي هے ۔ كيونكه ميں بھوكا تھا۔تُم نے مُجھے كھانا نه كھلايا۔پياسا تھا۔تُم نے مُجھے پاني نه پلايا۔پرديسي تھا تُم نے مُجھے گھر ميں نه اُتارا۔ ننگا تھا ۔تُم نے مُجھے كپڑا نه پهنايا۔بيمار اور قيد ميں تھا۔تُم نے ميري خبر نه لي۔تب وه بھي جواب ميں كهيں گے اَے خُداوند هم نے كب تُجھے بھوكا يا پياسا يا پرديسي يا ننگا يا بيمار يا قيد ميں ديكھ كر تيري خدمت نه كي؟ اُس وقت وه اُن سے جواب ميں كهے گا ميں تُم سے سچ كهتا هوں كه جب تُم نے اِن سب سے چھوٹوں ميں سے كسي كے ساتھ يه سلُوك نه كيا تو ميرے ساتھ نه كيا۔ اور يه هميشه كي سزا پائيں گے مگر راستباز هميشه كي زندگي،،۔

آپ نے گزشته كرسمس كو اُن لوگوں كے لئے تحائف پر كتنا خرچ كيا جنهيں اِن كي ضرورت نه تھي ، نيز كارڈز، كرسمس ٹري اور ڈيكوريشن پر؟ كتنے بچے دُنيا ميں كهيں مرگئے يا دُكھ ميں رهے كيونكه آپ نے اِس كے بجائے اُنهيں

نهيں ديا؟ غور کريں يسوع نے کيا کها تها:,, که جب تُم نے اِن سب سے چهوٹوں ميں سے کسي کے ساتھ يه سلُوك نه کيا تو ميرے ساتھ نه کيا،، ـ (متي 45:25 )۔

ضياع کرسمس کا ايك پهل هے۔

**نمبر 2.8 :خاموش اداکاري کرسمس کا ايك پهل هے**

استعثنا 5:22
عورت مرد کا لباس نه پهنے اور نه مرد عورت کي پوشاك پهنے کيونکه جو ايسے کام کرتا هے وه خُداوند تيرے خُدا کے نزديك مکرُوه هے۔

**نوٹ:** کلام مُقدس کي رُو سے خاموش اداکاري کي کوئي بُنياد نهيں هے اور اسباب درج ذيل هيں؛

**1:لباس**
اُن کے لئے جو نهيں جانتے،خاموش اداکاري کي ايك روايت يه هے که کُچھ مرد عورتوں کے لباس پهنتے هيں اورعورتوں کا کردار ادا کرتے هيں، جبکه کُچھ عورتيں مردوں کے لباس پهنتي هيں اور مردوں کي اداکاري کرتي هيں۔ پهر کيوں مسيحي اِس ميں حصه لينا چاهتے هيں يا حتي که وه کُچھ ديکهتے هيں جس ميں ايسے لوگ اداکاري کرتے هيں جن سے خُدا کو کراهيت هے؟ کيا آپ نهيں جانتے که جو شريرونکو پسند کرتے هيں اُن کي بهي شريروں کي مانند عدالت هوگي؟

**(روميوں 32:1 )** ,,حالانکه وه خُدا کا يه حُکم جانتے هيں که ايسے کام کرنے والے موت کي سزا کے لائق هيں۔ پهر بهي نه فقط آپ هي ايسے کام کرتے هيں بلکه اور کرنے والوں سے بهي خُوش هوتے هيں،،۔

خُدا کے کلام کي نافرماني کرتے هوئے اُنهوں نے اپنے آپ کو لعنتي ٹههرايا هے

**(پهلا كرنتهيوں 6: 10-9 )** ,,كيا تُم نهيں جانتے كه بدكار خُدا كي بادشاهي كے وارث نه هوں گے ؟ فريب نه كهائو۔ نه حرامكار خُدا كي بادشاهي كے وارث هوں گے نه بُت پرست نه زنا كار نه عياش ۔نه لونڈے باز۔ نه چور ۔نه لالچي نه شرابي ۔نه گالياں بكنے والے نه ظالم،،۔

**2:جهوٹ**

خاموش اداكاري ,,فكشن،، هے جس كا مطلب ,,تخليقي بيان يا كهاني؛ روايتي قبول كرده جهوٹ،،۔ دوسرے لفظوں ميں خاموش اداكار جهوٹے هيں(ديكهئے نمبر 2.2 )۔ اگر آپ اُن لوگوں كے مُقدر كے بارے ميں گمان ركهتے هيں جو ايسي باتوں ميں حصه ليتے هيں، ,,اداكار،، كے لئے يوناني لفظ "hupokrites" رياكارليتے هيں)، "hypocrite" (جس سے هم انگريزي لفظ اور اور كلام مُقدس ظاهر كرتا هے كه هر قسم كي رياكاري جهوٹ هے

**(پهلا تميتهيس 2:4 )** ,,جهوٹے آدميوں كي رياكاري،،

كلام مُقدس سے رياكاروں كا مُقدر بهي واضح هے

**(ايوب 13:8 )** ,,بے خُدا آدمي كي اُميد ٹوٹ جائے گي،،۔
**(ايوب 16:13 )** ,,كيونكه كوئي بے خُدا اُسكے(خُدا كے) سامنے نهيں آ سكتا،،۔
**(ايوب 34:15 )** ,,كيونكه بے خُدا لوگوں كي جماعت بے پهل رهيگي،،۔
**(ايوب 13:36 )** ,,ليكن وه جو دل ميں بے دين هيں غضب كو ركه چهوڑتے هيں،،۔
**(متي 13:23 )** ,,اَے رياكار فقيهو اور فريسيو تُم پر افسوس ،،
**(متي 14:23 )** ,,اَے رياكار فقيهو اور فريسيو تُم پر افسوس ،،
**(متي 15:23 )** ,,اَے رياكار فقيهو اور فريسيو تُم پر افسوس ،،
**(متي 23:23 )** ,,اَے رياكار فقيهو اور فريسيو تُم پر افسوس ،،
**(متي 25:23 )** ,,اَے رياكار فقيهو اور فريسيو تُم پر افسوس ،،
**(متي 27:23 )** ,,اَے رياكار فقيهو اور فريسيو تُم پر افسوس ،،
**(متي 29:23 )** ,,اَے رياكار فقيهو اور فريسيو تُم پر افسوس ،،

مسيحي كيوں ايسي باتيں ديكهنا چاهتے هيں ، جب آپ جانتے هيں كه ,,بے دين

اپني باتوں سے اپنے پڑوسي کو ہلاك کرتا ہے،،: (امثال 9:11 ) دوبارہ پڑھیں (رومیوں 32:1 ؛ مُکاشفہ 15:22 )۔

**ریا کاري کرسمس کا پھل ہے۔**

**3: جادوگري**

تمام خاموش اداکاري کا محور جادوگر، جادوگري، افسوں گري، لوگوں پر طلسم کرنا وغیرہ ہوتا ہے ، جو سب بدعت ہے اور کُلي طور پر کلام مُقدس کے مخالف ہے۔ خاموش اداکاري ابلیس کا کام ہے ۔

اِن بدعتي خاموش اداکاري سے لطف اندوز ہونا کرسمس کا پھل ہے۔

**نمبر 2.9: سدا بھار اور تزئین و آرائش کرسمس کے پھل ہیں**

**نمبر 2.91 : سدا بھار**

کلام مُقدس کي رُو سے گھروں کي سدا بھار سے تزئین و آرائش کرنے کي کوئي بُنیاد نہیں ہے ؛ یہ مشرکین کي پرستش کا حصہ ہے اور اِس لئے سب مخلص مسیحیوں کو اِس سے گُریز کرنا چاھئے۔

**(یرمیاہ 2:10 )** ,,خُداوند یُوں فرماتا ہے کہ تُم دیگر اقوام کي روش نہ سیکھو،،۔

بت پرستوں کي پوجا کے انداز میں گھروں اور گرجا گھروں کو سجانا کرسمس کا پھل ہے۔

**نمبر 2.92 : امر بیل**

یہ مُردہ بت پرست مذھب کي باقیات ہے اور اِس طرح ہر مخلص مسیحي کو اِس سے گُریز کرنا چاھئے۔ یہ ممنوعہ روحاني پھل ہے
(احبار 8:22؛ استعثنا 21:14 )۔

دُوسرے لوگوں كي بيويوں كو امربيل كے تلے چومنا سزا كو دعوت عام دينا
هے

**(امثال 6: 29-27 )** ,,كيا ممكن هے كه آدمي اپنے سينه ميں آگ ركھے اور
اُسكے كپڑے نه جليں؟ يا كوئي انگاروں پر چلے اور اُسكے پائوں نه جھُلسيں ۔
وه بھي ايسا هے جو اپني پڑوسي كي بيوي كے پاس جاتا هے ۔ جو كوئي اُسے
چھوئے بے سزا نه رهيگا،،۔
**(متي 28:5)** ,,ليكن ميں تُم سے يه كهتا هوں كه جس كسي نے بُري خواهش
سے كسي عورت پر نگاه كي وه اپنے دل ميں اُس كے ساتھ زنا كرچُكا،،۔
**(يرمياه 2:10 )** ,,خُداوند يُوں فرماتا هے كه تُم ديگر اقوام كي روش نه
سيكھو،،۔

حرص اور زناكاري كرسمس كے پھل هيں۔

**نمبر 3 : اسباب كه كيوں مسيحيوں كو كرسمس نهيں منانا چاهئے؟**

**نمبر 3.1 : اُسے مت بڑھائو جو خُدا نے حُكم ديا هے**

استعثنا 2:4 (مُوسيٰ)
۲۔جس بات كا ميں تُمكو حُكم ديتا هوں اُس ميں نه تو كُچھ بڑھانا اور نه كُچھ
گھٹانا تا كه تُم خُداوند اپنے خُدا كے احكام كو جو ميں تُمكو بتاتا هُوں مان سكو۔

استعثنا 32:12 (مُوسيٰ)
۳۲۔ جس جس بات كا ميں حُكم كرتا هوں تُم احتياط كركے اُس پر عمل كرنا اور
تُو اُس ميں نه تو كُچھ بڑھانا اور نه اُس ميں سے كُچھ گھٹانا۔

امثال 5:30 (سليمان)
۵۔ خُدا كا هر سُخن پاك هے۔ وه اُنكي سپر هے جنكا توكل اُس پر هے۔٦۔ تُو
اُسكے كلام ميں كُچھ نه بڑھانا۔ مباداً وه تُجھكو تنبيه كرے اور تو جھوٹا ٹھهرے۔

مُکاشفه 18:22 (یسوع)
۱۸۔مینهر ایك آدمي کے آگے جو اِس کتاب کي نبوت کي باتیں سُنتا هے گواهي دیتا هوں که اگر کوئي آدمي اُن میں کُچھ بڑھائے تو خُدا اِس کتاب میں لکھي هوئي آفتیں اُس پر نازل کرے گا۔

**نوٹ:** کیا کرسمس کو اپنے مسیحي کیلنڈر میں بڑھانا اِن حُکموں کے یکسر خلاف نهیں هے ؟ کیا کرسمس کو شامل کرنا خُدا کے کلام کو بڑھانا نهیں هے ؟ اور پھر کیسے آپ جھوٹے نهیں ٹھهرتے؟ جو سب اپنا حصه آگ کي جھیل میں یوم آخرت کو پائیں گے

**(مُکاشفه 8:21 )** ,,اورسب جھوٹوں کا حصه آگ اور گندھك سے جلنے والي جھیل میں هوگا۔ یه دُوسري موت هے،،۔

بهت سے اعتقاد رکھتے هیں که مُکاشفه 18:22 مُکاشفه کي کتاب پر کارفرما هوتا هے ، لیکن کُچھ اِسے ساري بائبل سے منسوب کرتے هیں۔ کیا آپ مُکاشفه کي آفتوں کو سهنے کے لئے تیار هیں تا که کرسمس منانا جاري رکھیں؟

**نمبر 3.2 : سالگره منانا مشرکین کي رسم هے نه که مسیحیوں کي**

سالگره منانا مشرکین کي رسم هے ، اور خُدا نے فرمایا هے ، ,,دیگر اقوام کي روش نه سیکھو،،، (یرمیاه 2:10)۔ کلام مُقدس میں سالگره منانے کي دو مثالیں هیں فرعون (پیدائش 20:40 ) اور هیرودیس بادشاه (مرقس 21:6 ) اُن دنوں نے اپني سالگره کے دن کسي نه کسي کو قتل کرنے کا حُکم صادر کیا: فرعون نے سردار نان پز کو پھانسي دلوائي (پیدائش 22:40 )، اور هیرودیس نے یوحنا اصطباغي کا سر قلم کروایا (مرقس 6: 28-21)۔

دوسري طرف، کلام مُقدس میں کسي بھي دیندار شخص کا کهیں بھي کوئي اندراج نهیں هے ، یا نئے عهد نامے میں کسي مسیحي کا اپني سالگره منانے کا۔ اِس لئے هم یسوع یا شاگردوں کي پیروي نهیں کرتے اگر هم ایسا کرتے هیں۔

سالگرہ وہ وقت ھوتا ھے جب کسي کو حقيقتاً اھم محسوس کروايا جاتا ھے ، اُس سبب سے جو کُچھ بھي اُس نے نھيں کيا تھا۔ يہ انسان کو افضل بنانا ھے جو تکبر کي طرف ليجاتا ھے اور اِس لئے اِس سے کنارہ کشي کرنا چاھئے۔

**برائے رابطہ:**

مُصنف: پاسٹر روئے پيج ، لوگوس اپاسٹلك چرچ آف گوڈ، انگلينڈ، يوکے۔
Roy Page, Logos Apostolic Church of God, England, UK
مترجم: مرقس يونس، لوگوس اپاسٹلك چرچ آف گوڈ، پاکستان
Translator: Marcus Younas, Logos Apostolic Church of God, Pakistan